# نماز جمعہ بجالانے کا طریقہ

<"xml encoding="UTF-8?>

## نماز جمعہ بجالانے کا طریقہ

مسئلہ 1785: نماز جمعہ دو رکعت ہے اور اس کا طریقہ نماز صبح کی طرح ہے اس فرق کے ساتھ کہ نماز جمعہ میں نماز سے پہلے دو خطبہ لازم ہے اور احتیاط واجب کی بناپر لازم ہے کہ نماز جمعہ کے حمد و سورہ کو بلند آواز سے پڑھے۔

نماز جمعہ میں دو قنوت مستحب ہیں: پہلا قنوت پہلی رکعت کے رکوع سے پہلے اور دوسرا قنوت دوسری رکعت کے رکوع کے بعد ہے اور مستحب ہے کہ امام جمعہ پہلی رکعت میں سورۂ حمد کے بعد سورۂ جمعہ پڑھے اور دوسری رکعت میں حمد کے بعد سورۂ منافقون پڑھے۔